K-12 کے طلباء ایک کے علاوہ تمام ریجنوں میں کلاس رومز میں واپس جا رہے ہیں

19 مئی، 2021ء

البرٹا بھر کے طلباء 25 مئی کو منصوبہ بندی کے مطابق اپنے کلاس روموں میں واپس جائیں گے، سوائے ان طلباء کے جو ریجنل میونسپلٹی آف وُڈ بفلو (Wood Buffalo) میں رہتے ہیں۔

گھر میں سیکھنے کی دو ہفتوں کی شفٹ نے اس نظام تعلیم کو صوبے میں کووِڈ-19 کیسوں میں اضافے کی وجہ سے آپریشنل چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے وقت دیا ہے۔ ریجنل میونسپلٹی آف وُڈ بفلو کے K-12 کے طلباء 31 مئی کو ذاتی طور پر سیکھنے میں واپسی کے ہدف کے ساتھ ابھی ایک اور ہفتے کیلئے گھر سے سیکھنا جاری رکھیں گے۔

"مجھے خوشی ہے کہ ہمارا دو ہفتوں کا منصوبہ صوبے کے تقریباً تمام علاقوں میں کامیاب رہا ہے۔ ہر ایک نے لہر کو روکنے کیلئے سخت محنت کی ہے اور میں پُر اعتماد ہوں کہ تمام طلباء باقی تعلیمی سال کی تکمیل کلاس روم میں کریں گے۔ میں تمام طلباء، والدین، اساتذہ اور عملے کی کوششوں اور لچکداری کیلئے ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جبکہ ہم طلباء کے سیکھنے کو برقرار رکھنے کیلئے کام کرتے ہیں۔"

ایڈری آنا لاگرینج (Adriana LaGrange)، وزیرِ تعلیم

ریجنل میونسپلٹی آف وُڈ بفلو (پبلک، کیتھولک، چارٹر اور آزاد) کے تمام اسکول ایک اضافی ہفتہ تک گھر سے سیکھنے کو جاری رکھیں گے۔ اس ریجن میں کیسوں کی تعداد کا دوسرے ریجنوں کی طرح اسی شرح سے نیچے جانے کی طرف رحجان نہیں ہے، جس کا مطلب ہے کہ اسکول میں آپریشنل مشکلات جاری رہنے کا زیادہ امکان ہے۔

اسکولوں میں صحت کا مستحکم پروٹوکول جاری رہے گا، جس میں ماسک کی ضروریات، سیکھنے کے گروپ (cohorts)، علامات کیلئے اسکریننگ اور بیٹھنے کیلئے نشستوں کے انتظامات شامل ہیں۔ یہ زیادہ البرٹنز کو کووِڈ-19 کی ویکسین لگوانے کے ساتھ تحفظ کی اضافی پرت کے علاوہ ہے، اس میں اسکول کا عملہ اور 12 سال اور اس سے زائد عمر کے طلباء شامل ہیں۔

اسکولوں میں تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹنگ کی توسیع بھی ایڈمنٹن، کیلگری، فورٹ میک مرے، گرینڈ پریری اور لیتھبرج، اور جہاں ضرورت ہے وہاں دوسری کمیونٹیوں میں، اگلے ہفتے سے شروع ہونے والے منصوبے کے مطابق آگے بڑھ رہی ہے۔ ایڈمنٹن اور کیلگری میں اسکول ڈویژنوں کو یہ موقع پیش کیا گیا ہے کہ وہ ذاتی طور پر سیکھنے میں واپسی سے قبل منتخب اسکول سائٹوں پر ٹیسٹنگ کی ٹیمیں دستیاب کریں۔ تیز رفتار ٹیسٹنگ کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کے خلاف ایک اور روک تھام کی پرت ہے جس میں ایسے علامات کے بغیر لوگوں کی جلدی شناخت کی جا سکتی ہے جن میں وائرس موجود ہو سکتا ہے۔ تعلیم کی تیز رفتار ٹیسٹنگ ٹیمیں حتمی اسکول کے انتخاب، رسد، رضامندی کے عمل اور نظام الاوقات پر اسکول ڈویژنوں کے ساتھ کام کریں گی۔

آج تک، ایڈمنٹن اور کیلگری کے اسکولوں میں تقریباً [10,800 ٹیسٹ کئے گئے ہیں] جس کے نتیجے میں 44 ابتدائی مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ مثبت اسکریننگ ٹیسٹ والے ہر فرد کو کہا جاتا ہے کہ وہ اے ایچ ایس ایسیسمینٹ سینٹر میں لیبارٹری سے مصدقہ ٹیسٹ کروا کر نتیجے کی تصدیق کروائے۔ تیز رفتار ٹیسٹ کے مثبت نتائج کا مطلب یہ ہوگا کہ عملے یا طالبعلم کو اس تاریخ سے 10 دنوں تک الگ تھلگ رہنے کی ضرورت ہوگی، جب تک کہ اے ایچ ایس کا فالو اَپ ٹیسٹ منفی نہ آجائے، ایسی صورت میں وہ واپس اسکول جاسکتے ہیں۔

متعلقہ معلومات

- [کووِڈ-19 کے دوران K-12 کی تعلیم]
- [K-12 اسکولوں کیلئے کووِڈ-19 کی رہنمائی اور صحت کے اقدامات]

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

نکول اسپیرو (Nicole Sparrow)
780-720-1915
پریس سیکریٹری، ایجوکیشن

مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx.